**IESCO PRESS RELEASE** آئیسکو پریس ریلیز

Public Relation Section

**Email: pr@iesco.com.pk Ph/Fax: 051-9252889 Exchange: 051-9252937-9(Ext:321)**

# ماہ ستمبر 2025 آئیسکو نے بجلی چوروں کو 1 کروڑ 67 لاکھ سے زائد کے جرمانے عائد کئے

## 62 بجلی چور گرفتار، درجنوں بجلی کنکشنز منقطع

## آئیسکو بجلی چوری کے خلاف زیرو ٹالیرنس پالیسی پر عمل پیرا ہے

## چیف ایگزیکٹو آفیسر آئیسکو انجینئر چوہدری خالد محمود

مورخہ 06 اکتوبر 2025

حکومت پاکستان اور وزارت توانائی (پاور ڈویژن) کی واضح ہدایات بجلی چوری پر کوئی سمجھوتہ نہیں کے تحت اسلام آباد الیکٹرک سپلائی کمپنی (آئیسکو) کی جانب سے بجلی چوری کے خلاف بھرپور کریک ڈاؤن تسلسل سے جاری ہے اور تمام ٹیمیں دن رات مختلف علاقوں میں کاروائیاں عمل میں لا رہی ہیں۔ چیف ایگزیکٹو آئیسکو انجینئر چوہدری خالد محمود نے کہا ہے کہ بجلی چور نہ صرف ملکی خزانے کو نقصان پہنچا رہے ہیں بلکہ بجلی کے بل بروقت ادا کرنے والے ایماندار صارفین کے حقوق بھی پامال کر رہے ہیں۔ اس لئے آئیسکو بجلی چوری کے خلاف زیرو ٹالیرنس پالیسی کے تحت بجلی چوروں کے خلاف محکمانہ اور قانونی کاروائیاں عمل میں لا رہی ہے۔ انجینئر چوہدری خالد محمود نے بتایا کہ ماہ ستمبر 2025 کے دوران تمام آپریشن سرکلز میں 82 ہزار 979 میٹرز چیک کیے گئے جن میں سے 39 میٹرز ٹمپرڈ پائے گئے اور 174 میٹرز سے بجلی کا ڈائریکٹ استعمال کیا جا رہا تھا۔ آئیسکو ٹیموں نے 3 لاکھ 18 ہزار سے زائد یونٹس چارج کیے اور بجلی چوروں کو ماہ ستمبر 2025 میں 1 کروڑ 67 لاکھ سے زائد کے جرمانے عائد کیے جب کہ 62 بجلی چور جیلوں میں بند ہوئے اور درجنوں بجلی کنکشنز کو منقطع کر دیا گیا۔ چیف ایگزیکٹو آئیسکو انجینئر چوہدری خالد محمود نے اس عزم کا اظہار کیا ہے آئیسکو صارفین کے تعاون سے ملک پاکستان کی ترقی اور معیشت کی خوشحالی کی راہ میں رکاوٹ بننے والے بجلی چوروں کا خاتمہ ہر صورت ممکن بنائے گی اور صارفین بجلی چوری کی اطلاع ہیلپ لائن نمبر 118 یا کمرشل ڈائریکٹوریٹ کے نمبرز 051-9252906 پر دیں۔